© rasailojaraid.com

حالات بالکل کہانی کے انداز میں لکھے ہیں۔ زبان اس قدر سہل ہے کہ ہر بچہ اس کو سمجھ سکتا ہے۔ یہ رسالہ اس قابل ہے کہ جیسے بچے میں تھوڑی سی سمجھ آجائے تو اس کے ماں باپ یا بہن بھائی اس کو پڑھ کر سنائیں تاکہ ابتدا ہی سے اس کے دل میں سرکار رسالتمآب کی محبت اور عظمت جاگزین ہو جائے۔ ا م

**چار یار** | تالیف الیاس احمد صاحب مجیبی۔ مکتبہ جامعہ ملیہ۔ دہلی۔ قیمت ۶ ر

یہ رسالہ بھی بچوں کے لیے لکھا گیا ہے اور اس میں حضرات خلفاء راشدین کے حالات سبق آموز اور سہل انداز میں بیان کیے گئے ہیں۔ بعض اسلامی درسگاہوں میں اس کو ابتدائی جماعتوں کے نصاب میں داخل کرلیا گیا ہے۔ ا۔ م

**دس جنتی** | تالیف الیاس احمد صاحب مجیبی۔ مکتبہ جامعہ۔ دہلی۔ قیمت ۵ ر

اس رسالہ میں حضرات خلفاء راشدین کے ساتھ حضرت زبیر، حضرت طلحہ، حضرت عبد الرحمٰن ابن عوف، حضرت سعد بن ابی وقاص، حضرت ابو عبیدہ بن الجراح، اور حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہم کے حالات بیان کیے گئے ہیں۔ یہ بھی بچوں میں اپنے بزرگوں سے واقفیت اور ان کی پیروی کا شوق اور دین کی محبت پیدا کرنے کے لیے نہایت مفید چیز ہے۔ ا۔ م۔

**The Messag of Islam** | تالیف فضل کریم خاں صاحب درانی بی اے، ایڈیٹر "ٹروتھ" دفتر اخبار "ٹروتھ"۔ لاہور۔ قیمت فی نسخہ ۸ ر۔ چار نسخوں کے لیے عمر سو نسخوں کے لیے ۲۰ روپیہ۔

یہ انگریزی زبان میں ہندوستان کی اچھوت قوموں کے لیے خصوصاً، اور دوسرے غیر مسلموں کے لیے عموماً، اسلام کی جانب ایک دعوت عام ہے۔ فاضل مؤلف نے بحسن خوبی کے ساتھ تعلیمات اسلامی کی روح اور تمام مذہبی نظاموں پر اسلام کی برتری ظاہر کی ہے قابل و دلچسپ بیان نہایت مختصر و مدلل ہے، زبان نہایت مؤثر اور پرزور ہے اتنے کم الفاظ میں اسلام کا اتنا اچھا تعارف اب تک ہماری نظر سے انگریزی زبان میں نہیں گذرا۔ آخر میں مؤلف نے بڑی خوبی کے ساتھ یہ حقیقت اچھوتوں کے ذہن نشین کرنے کی کوشش کی ہے کہ ان کی اور ہندوستان کی نجات کا راستہ بجز قبول اسلام کے اور کوئی نہیں۔ اس رسالہ کو زیادہ سے زیادہ پھیلانے کی کوشش کرنی چاہیے۔ ا م

© rasailojaraid.com